الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name :	**Ajmal khan**	Serial No :	**16811**
Address :	**40t gulberg ii lahore**	Date :	**8/28/2012**
Subject :	**AQAID**	Contact No:	
Writer :	محمد علی طیب	Email :	

Assalam o Alikum .maulana sb ap se guzarish he ke jo shakhs apne hosh hawas main or pagal bhi na ho or apni man ko ye gali de ke tm bdkar ho tumhe sath janwaro or insano ne zina kia he or main qabristan jakr apne abou ko qabar se nikal kr ye pochon ga ke mairi mujhe mairi man ka btao kia aisa shakhs musalman rehsakta he ke nahi jawab ke inti zar main raho ga shukria

السلام علیکم! مولانا صاحب آپ سے گزارش ہے کہ جو شخص اپنے ہوش وحواس میں اور پاگل بھی نہ ہو اور اپنی ماں کو یہ گالی دے کہ "تمہارے ساتھ جانوروں اور انسانوں نے زنا کیا ہے اور میں قبرستان جاکر اپنے ابو کو قبر سے نکال کر یہ پوچھوں گا کہ مجھے میری ماں کے بارے میں بتاؤ" کیا ایسا شخص مسلمان رہ سکتا ہے کہ نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً

کسی بھی شخص کا اپنی والدہ محترمہ کو ڈانٹنا یا اسے کسی بھی قسم کی گالی دینا سخت گناہ کی بات ہے اور اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنے اور اپنی عاقبت برباد کرنے کے مترادف ہے احادیث میں ایسے شخص کو ملعون قرار دیا گیا ہے اسلئے اس پر لازم ہے کہ اپنے مذکور ناجائز طرز عمل سے احتراز اور ان گالیوں پر والدہ محترمہ سے معذرت بھی کرے اور آئندہ کیلئے ایسی ناپاک وناجائز حرکات سے مکمل طور پر احتراز بھی کرے۔

قال اللہ تعالیٰ: وقضیٰ ربک الا تعبدوا الا ایاہ وبالوالدین احسانا اما یبلغن عندک الکبر احدھما او کلاھما فلا تقل لھما اف ولا تنھرھما وقل لھما قولا کریما الآیۃ (بنی اسرائیل:۲۳)۔

وفی المشکوٰۃ: عن ابی ھریرۃ قال قال رجل یا رسول اللہ من احق بحسن صحابتی قال امک قال ثم من قال امک قال ثم من قال امک قال ثم من قال ابوک۔ (ص۴۱۸)۔

وفیھا ایضا: وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رغم انفہ رغم انفہ رغم انفہ قیل من یا رسول اللہ قال من ادرک والدیہ عند الکبر احدھما او کلاھما ثم لم یدخل الجنۃ۔ (ص۴۱۸)۔

(جاری ہے)

وفیہا ایضاً: وعن ابی امامۃ : ان رجلاً قال یا رسول اللہ ماحق الوالدین علی ولدہما قال ھما جنتک ونارک رواہ ابن ماجۃ ۔ (ص۲۶۱) ۔ واللہ اعلم بالصواب

محمد علی طیب عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی ۱۶
۶ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

دار الافتاء

رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

نائب رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ